سوال

کوا کا جوٹھا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک کوا نے ایک برتن جس میں کہ چار پانچ سیر دودھ تھا چونچ ڈال دی اور وہ دودھ ایک مولوی صاحب نے اس بات پر پی لیا۔ کہ کوا حلال ہے فتوی ارسال فرمائیں کہ کوا حلال ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض علماء کہتے ہیں کہ قتل کے حکم سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ مگر ظاہر حرمت ہے۔ کیونکہ قتل کا حکم خباثت کی وجہ سے ہے۔ اور خباثت ہی زیادہ تر حرمت کا باعث ہے۔ ہاں اس کے جھوٹے کو بلی پر قیاس کرنے کی گنجائش ہے۔ اگرچہ پرہیز مناسب ہے۔ مگر اس میں زیادہ تشدد اچھا نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت' پانی کا بیان، ج1ص237